124965-فطرانہ دینے میں غلہ اور کھانا کی اقسام

سوال

فطرانہ میں کیا کچھ دیا جاسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

فطرانہ دینے میں وہی چیز اختیار کی جائيگی جسے لوگ بطور خوراک استعمال کرتے ہیں، مثلا گندم، مکئ اور چاول، لوبیا دال، چنے، مکرونہ، اور گوشت وغیرہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فطرانہ میں ایک صاع فرض کیا ہے، اور صحابہ کرام بھی فطرانہ میں وہی چیز دیا کرتے تھے جسے وہ بطور خوراک استعمال کرتے.

بخاری اور مسلم نے ابو سعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے کہ :

" ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں عید الفطر کے دن ایک صاع غلہ بطور فطرانہ ادا کیا کرتے تھے.

ابو سعید رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں : ان ایام میں ہماری خوراک جو اور منقہ اور پنیر اور کھجور تھی "

صحیح بخاری حدیث نمبر (1510) صحیح مسلم حدیث نمبر (985).

ایک روایت میں ہے کہ :

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں ہم ہر چھوٹے اور بڑے آزاد اور غلام کی جانب سے ایک صاع کھانا، یا ایک صاع پنیر یا ایک صاع جو یا ایک صاع کھجور یا ایک صاع منقہ بطور فطرانہ ادا کیا کرتے تھے "

اس حدیث میں لفظ طعام یعنی کھانے کی شرح سب اہل علم نے گندم کی ہے، اور کچھ دوسرے علماء کہتے ہیں کہ طعام سے مقصود وہ چیز ہے جو علاقے کے لوگ بطور خوراک استعمال کرتے ہوں، چاہے وہ گندم ہو یا مکئی وغیرہ، اور صحیح بھی یہی ہے؛ کیونکہ فطرانہ اور زکاۃ اغنیاء کی جانب سے فقراء کے لیے رحمدلی اور خیر خواہی ہے، اس لیے مسلمان کے لیے واجب نہیں کہ وہ اپنے علاقے کی خوراک کے علاوہ کسی اور چیز کے ساتھ ان کی غمخواری کرے.

بلاشک و شبہ حرمین یعنی سعودیہ میں چاول ہی علاقے کی خوراک ہے اور چاول خوشی سے کھایا جاتا ہے، اور پھر نص میں وارد جو سے افضل بھی ہے، اس لیے معلوم ہونا چاہیے کہ فطرانہ میں چاول دینے میں کوئی حرج نہیں " انتہی

دیکھیں : مجموع فتاوی الشیخ ابن باز رحمہ اللہ (200/14).

اور شیخ الاسلام رحمہ اللہ کہتے ہیں :

" لیکن اگر علاقے کے لوگوں کی خوراک ان میں کوئی ایک جنس ہو تو بلاشک و شبہ انہیں اپنی خوراک میں فطرانہ دینے میں جائز ہے.

اور کیا وہ اپنی خوراک کے علاوہ کسی اور جنس میں فطرانہ ادا کرسکتے ہیں یا نہیں ؟ مثلاان کی خوراک توچاول اور مکئی ہو تووہ گندم یا جو فطرانہ میں دیں ، یا چاول اور مکئی وغیرہ فطرانہ میں دینا کافی ہوگا ؟

اس میں نزاع واختلاف مشہور ہے ، اور سب اقوال سے صحیح قول یہی ہے کہ وہ اسی چیز میں فطرانہ ادا کرے جسے وہ اپنی خوراک استعمال کرتا ہے ، چاہے وہ ان اجناس میں شامل نہ بھی ہو، اکثر علماء کرام مثلا شافعی وغیرہ کا قول یہی ہے .

کیونکہ صدقات میں اصل یہی ہے کہ فقراء ومساکین کی غمخواری کے لیے واجب ہوتا ہے ، جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

درمیانہ درجہ کا جسے تم اپنے اہل وعیال کو کھلاتے ہو.

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فطرانہ میں ایک صاع کھجوریا جو فرض کیا ہے؛کیونکہ اہل مدینہ کی خوراک یہی تھی ، اور اگر اہل مدینہ کی یہی اشیاء خوراک نہ ہوتی اور وہ بطور خوراک کوئی اور جنس استعمال کرتے ہوتے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں فطرانہ میں وہ چیز دینے کا مکلف نہ بناتے جسے وہ خوراک استعمال نہ کرتے تھے ، جس طرح اللہ تعالی نے بھی کفارات میں اس کا حکم نہیں دیا " انتہی

دیکھیں : مجموع الفتاوی (68/25).

اور ابن قیم رحمہ اللہ کہتے ہیں :

" اہل مدینہ کی خوراک غالبا یہی اشیاء تھیں ، لیکن اگر کسی علاقے اور محلہ والوں کی خوراک اس کے علاوہ ہو توانہیں اپنی خوراک میں سے ایک صاع فطرانہ ادا کرنا ہوگا ، جس طرح کہ اگر کسی کی خوراک مکئی یا چاول ، یا پھر انجیر وغیرہ دوسرے دانے ہوں تو وہ یہی اشیاء ادا کریگا ، اور اگر ان کی خوراک دانے کے علاوہ کچھ اور ہو مثلا پنیر اور گوشت اور مچھلی تو وہ اپنی خوراک میں سے ایک صاع فطرانہ ادا کریں گے چاہے وہ کچھ بھی ہو جمہور علماء کا قول یہی ہے ، اور صحیح بھی یہی ہے اس کے علاوہ کوئی اور قول نہیں کہا جائیگا .

کیونکہ فطرانہ کا مقصد تو مساکین وفقراء کی عید والے دن ضرورت پوری کرنا ہے ، اور علاقے کے لوگوں کی خوراک کے ساتھ ان کی غمخواری کرنا ہے ، اس لیے آٹا دینا بھی جائز ہے ، اگرچہ اس میں وارد حدیث صحیح نہیں ہے "

دیکھیں : اعلام الموقعین (12/3).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کہتے ہیں :

" صحیح یہی ہے کہ جو چیز بھی خوراک ہو چاہے وہ دانے ہوں یا پھل اور گوشت وغیرہ تو وہ فطرانہ میں کافی ہوگی " انتہی

دیکھیں : الشرح الممتع (183/6).

واللہ اعلم .